20494 ـ خطبہ جمعہ کے دوران نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

سوال

مجھے ایك مشكل درپیش ہے، جس میں پریشان ہوں، مجھے علم ہے کہ جب ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام سنیں تو ہمیں صلی اللہ علیہ وسلم کہنا چاہیے، لیکن اسی طرح مجھے یہ بھی علم ہے کہ خطبہ جمعہ کے دوران خاموشی اختیار کرنی ہے اور کلام ممنوع ہے، وگرنہ ہمارا اجروثواب ضائع ہو جائیگا، اس لیے جب امام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لے تو ہم پر کیا واجب ہوتا ہے، کہ ہم مسلمان کیا کریں، کیا ہم اسی وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھیں یا پھر اپنے دل میں پوشیدہ طریقہ سے کریں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

امام احمد رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

اپنے دل میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے میں کوئی حرج نہیں.

دیکھیں: المغنی (2 / 165) اور اس کے بعد کے صفحات.

اور مستقل فتوی کمیٹی کا کہنا ہے:

(جب خطیب نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے تو سامع بھی بغیر آواز بلند کیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے).

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (8 / 217).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے:

جب خطیب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرے تو سامع کو سری طور پر درود پڑھنا چاہیے، تا کہ اس کے ارد گرد والوں کو تشویش لاحق نہ ہو. اھـ

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن عثیمین (16 / 166).

واللہ اعلم .